بارگاہ امیر المؤمنین وامام المتقین، قاتل الکفار والمشرکین خلیفۂ راشد عادل وبرحق

# سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ

میں بھی ضیا ہوں انکے غلاموں میں اک غلام
روشن ہے جن سے آج بھی تاریخ ملک شام

جو عندلیب گلشن خیر الانام ہیں
اسلام کی بہار ہیں، برحق امام ہیں

دور معاویہ تھا ضیا بخش کائنات
اصحاب رضی اللہ عنہم میں ہے آپ کی وہ برگزیدہ ذات

مدح علی رضی اللہ عنہ ہے ورد زبان معاویہ رضی اللہ عنہ
شان علی رضی اللہ عنہ سے پوچھئے شان معاویہ رضی اللہ عنہ

اسلام کو ہے فخر خلافت پہ آپ کی
حیراں ہے کائنات سیاست پہ آپکی

ہر دشمن خدا کے لئے ہیں پیام موت
بدباطنوں کے دل کے لئے ہیں سہام موت

آپ آفتاب چرخ شجاعت خدا گواہ
دنیائے عشق بحر محبت خدا گواہ

محبوب آفتاب رسالت بھی آپ ہیں
آئینۂ سیاست و حکمت بھی آپ ہیں

وارفتۂ جمال نبی ہیں معاویہ رضی اللہ عنہ
دیوانۂ کمال نبی ہیں معاویہ رضی اللہ عنہ

روپوش ہے وہ عظمت و سطوت کا آفتاب
پیری میں جس کی عالم اسلام کا شباب

وہ دبدبہ وہ جوش جوانی نہیں رہا
تیغوں پہ اب وہ اگلا سا پانی نہیں رہا

دل ہیں وہی، دلوں میں وہ ایماں نہیں رہے
اسلام تو وہی ہے مسلماں نہیں رہے

یہ فخر اے ضیا ہے مسلماں کے واسطے
گردن کٹائے عزتِ ایماں کے واسطے

کب تک کرو گے مدح و ثنائے معاویہ رض
ہو جاؤ جان و دل سے فدائے معاویہ رض

جناب نور الحسن ضیاء
فیض آبادی
(بھارت)